# گھر پر تعلیم (ہوم اسکولنگ) کے لیے مختصر رہنمائی کتابچہ

## گھر پر تعلیم کیا ہے؟

- گھر پر تعلیم میں والدین اپنے بچوں کو کسی پبلک، چارٹر، یا نجی اسکول میں بھیجنے کے بجائے گھر پر تعلیم دیتے ہیں۔ والدین یا سرپرست اپنے بچے کی تعلیم کے ذمہ دار ہوتے ہیں، بشمول نصاب منتخب کرنے کے جس میں مخصوص مضامین شامل ہوتے ہیں۔
- والدین یا سرپرست کا سرٹیفائیڈ ہونا لازمی نہیں ہے لیکن انکے لیے NYSED جز 100.10 ضابطوں کی پیروی کرنا اور نیو یارک شہر کے ہوم اسکول آفس میں سالانہ دستاویز جمع کروانا لازمی ہے۔

## اہم نکات:

- نیو یارک شہر پبلک اسکولز کے اساتذہ تعلیم نہیں دیتے ہیں اور گھر پر تعلیم حاصل کرنے والے طلباء کمپیوٹرز، نصابی کُتب جیسے وسائل موصول نہیں کرتے یا ان کو اسکول میں قائم زیادہ تر پروگراموں بشمول کھیلوں اور غیر نصابی سرگرمیوں تک رسائی نہیں ہوتی ہے۔
- گھر پر تعلیم حاصل کرنے والے طلباء نیویارک ریاست ڈپلومہ یا ہائی اسکول کریڈٹ موصول نہیں کرتے ہیں۔
- صرف آن لائن اسکولوں سے حاصل کیے گئے ڈپلوما کو نیویارک ریاست قبول نہیں کرتی ہے، لیکن آن لائن پروگرام آپکے ہوم اسکول منصوبے (IHIP) کا حصہ ہوسکتے ہیں۔ اگرچہ آن لائن پروگرام "اکریڈٹڈ" ("accredited") یا "سرٹیفائیڈ" جیسے الفاظ استعمال کرسکتے ہیں، آپکا طالب علم نیو یارک ریاست ڈپلومہ موصول نہیں کرے گا۔
- ایک بار جب طالب علم 17 سال کا ہوجائے اور اس سال میں تعلیمی سال مکمل کرلے جس میں وہ 17 سال کا ہوجائے، وہ نیو یارک ریاست ہائی اسکول مساوی (GED) امتحان کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔
- اگر آپکے بچے کی کوئی طبی صورتِ حال ہے جو اسکول جانے سے روکتی ہے، آپ NYCDOE کے ذریعے طبی طور پر ضروری تدریس یا ہوم انسٹرکشن کے اہل ہوسکتے ہیں۔آپ ان سے hiapply@schools.nyc.gov پر رابطہ کرسکتے ہیں۔
- اگر آپکا بچہ گھر پر تعلیم حاصل کر رہا ہے اور خاص تعلیمی خدمات درکار ہیں، آپکو ان خدمات کی درخواست اپنی مقامی کمیٹی برائے خاص تعلیم (CSE) سے براہِ راست تحریری طور پر کرنی چاہیے۔ یہ درخواست اگلے تعلیمی سال کے لیے 1 جون تک بھیج دی جانی چاہیے۔

## والدین کی ذمہ داریاں

- نصاب منتخب کریں اور یقینی بنائیں کہ اپکا بچہ تدریس موصول کرے۔ آپ نجی استاد (ٹیوٹر ) یا آن لائن پروگرام استعمال کرسکتے ہیں لیکن آپ نگرانی کرنے اور تمام مطلوبہ رپورٹنگ کرنے کے ذمہ دار ہیں۔
- تمام تدریسی مواد فراہم کریں۔
- سالانہ تمام دستاویزات جمع کروائیں - LOI, IHIP، سہ ماہی رپورٹس اور سالانہ جائزہ۔
- اپنے بچے کی تعلیم کی نگرانی کریں اور تدریس، پیش رفت، تشخیصات اور حاضری کا تفصیلی ریکارڈ رکھیں۔ آپ کو یہ بھی یقینی بنانا ضروری ہے کہ تمام تدریسی گھنٹوں کی تکمیل ہو۔
  1-6 گریڈز: سال میں 900 گھنٹے
  7-12 گریڈز: سال میں 990 گھنٹے

## رابطہ کریں

- تفصیلی اقدامات، خاکے، وسائل اور 100.10 ضابطہ: schools.nyc.gov/home-schooling
- رجسٹریشن اور اندراج کے بارے میں سوالات کے لیے: LetterofIntent@schools.nyc.gov
- تدریسی سوالات کے لیے: Homeschool@schools.nyc.gov
- 718-935-2343 پر کال کریں۔